سوال

(213) بے پردگی کے مقام پر عورت کا نماز پڑھنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اسلام میں عورت کے لیے اجنبی مردوں سے پردہ لازمی قرار دیا گیا ہے، اس ضمن میں عرض ہے کہ اُن مقامات پر جہاں خواتین کے لیے پردے کا بندوبست نہ ہو، مثلاً: دورانِ سفر (سڑک) یا پارک وغیرہ اور بالخصوص گورنمنٹ کے ہسپتال میں جہاں عام وارڈز اور لان وغیرہ میں خواتین کے لیے نماز ادا کرنے کے لیے پردے والی جگہ نہ ہو۔ تو کیا بوقتِ نماز عورت کھلے میدان یا ہسپتال کے اس حصے میں نماز ادا کر سکتی ہے جہاں مرد حضرات کا زیادہ گزر ہو؟ اگر عورت بے پردگی کی وجہ سے نمازِ قضاء کر لے اور بعد میں کسی پردے والی جگہ میں نماز ادا کرے تو کیا یہ درست ہو گا؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

پردے کے ساتھ عورت جہاں بھی نماز ادا کرے بامرِ مجبوری ہو جائے گی۔ (ان شاء اللہ)

حتی المقدور کوشش کرنی چاہیے کہ نمازِ قضاء کی بجائے ادا ہی ہو: لَا یُکَلِّفُ اللّٰہُ نَفۡسًا اِلَّا وُسۡعَھَا (البقرة:۲۸۶)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب المساجد: صفحہ: 201

محدث فتویٰ